دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو کلچر اسٹڈیز) انٹرنس ٹسٹ۔ 2023

## PhD (Urdu Culture Studies) Entrance Test - 2023

Question Paper Cum Answer Script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے
نمبرات : 70

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

For Office Use


مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (اردو کلچر اسٹڈیز) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

Ph.D (Urdu Culture Studies) Entrance Test-2023

Question Paper Cum Answer Script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض


## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔آخری کے 2 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لے جاسکتے ہیں۔

## (Part - A) حصہ اول

### Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ ''تحقیق کا فن'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) نورالحسن نقوی (B) گیان چند جین

(C) قمر رئیس (D) محمود شیرانی

2۔ ''ادبی ولسانی تحقیق'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) عبدالستار دلوی (B) کلب عابد

(C) مولوی عبدالحق (D) خلیق انجم

3۔ ''ادبی تحقیق: مسائل اور تجزیہ'' کی تصنیف کس نے کی ہے؟

(A) نصیرالدین ہاشمی (B) احتشام حسین

(C) رشید حسن خاں (D) تنویر احمد علوی

4۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ تحقیق کے طریقۂ کار | I۔ محمد انصاراللہ |
| B۔ تحقیقی طریقۂ کار | II۔ مرزا خلیل احمد بیگ |
| C۔ اردو کی لسانی تشکیل | III۔ ڈاکٹر ش، اختر |
| D۔ اردو میں تدوین | IV۔ ایس ایم شاہد |

(A) AIII, BIV, CII, DI (B) AII, BIII, CIV,DI

(C) DIV, CI, BII, A (D) BIII, CII, AI, DIV

5۔ درج ذیل میں سے کون سی کتاب رشید حسن خاں کی نہیں ہے۔

(A) تلاش وتعبیر (B) انشااور تلفظ

(C) فن تحقیق (D) تدوین۔تحقیق روایت

6۔ درج ذیل میں سے کون سا جوڑ غلط ہے۔

(A) امتیاز علی عرشی۔فرہنگِ غالب (B) قاضی عبدالودود۔مآثر غالب

(C) محمود شیرانی۔دکن میں اردو (D) مولوی عبدالحق۔اردو صرف ونحو

7۔ شاد عظیم آبادی کے کلام کا انتخاب ''کلام شاد'' کے عنوان سے کس نے کیا ہے؟

(A) قاضی عبدالودود (B) گیان چند جین

(C) عبدالستار دلوی (D) مولوی عبدالحق

8۔ تدوینِ متن میں 'تصحیف' سے مراد ہے:

(A) جس میں مبہم لفظ کی وضاحت کے لیے کسی عبارت کو بڑھایا گیا ہو۔

(B) صاحبِ متن کے علاوہ کسی دوسرے شخص نے متن یا اجزائے متن میں دانستہ کوئی تبدیلی کی ہو۔

(C) صاحب متن نے خود اپنی خواہش اور مقصد کے مطابق عبارت میں کوئی تبدیلی کی ہو

(D) جس میں کسی متن یا اجزائے متن کو منسوخ کیا گیا ہو۔

9۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے:

(A) تالیف متن سے مراد مآخذ کی جستجو اور معیار بندی ہے۔

(B) تدوین متن میں ترمیم و تعبیر کا بھی دخل ہو سکتا ہے۔

(C) متن، اپنی مختلف روایتوں کی شکل میں ایک سے زیادہ ذیلی وجود رکھتا ہے۔

(D) تدوین متن میں تنسیخ اور تصحیح کا دخل نہیں ہوتا ہے۔

10۔ ''متنی تنقید'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) خلیق انجم

(C) مغنی تبسم (D) تنویر احمد علوی

11۔ تحقیق متن کے سلسلے میں درج ذیل امور اساسی اہمیت رکھتے ہیں:

I۔ متن کی ہیئت (حدود) کا تعین۔

II۔ الحاق و اضافات کی نشاندہی۔

III۔ متن کے گمشدہ سلسلوں کی بازیافت۔

IV۔ متنی حقائق کی جستجو اور چھان بین۔

(A) I,II,II (B) II, III, IV

(C) I,II,III.IV (D) I,III,IV

12۔ تحقیق کے موضوع پر لکھے گئے مقالے اور محققین کے نام کا صحیح میل کیجیے:

| مقالات | محققین |
|---|---|
| A۔ اصولِ تحقیق | I۔ محمد حسن |
| B۔ تلاش قرآت اور ترتیب | II۔ سید محمد عبداللہ |
| C۔ ادبی تحقیق کے بعض مسائل | III۔ مالک رام |
| D۔ تحقیق و تنقید | IV۔ قاضی عبدالودود |

(A) AIV, BIII, CI, DII (B) AII, BIII, CIV,DI

(C) AIII, BII,CIV, DIII (D) AI,BII, CIII, DIV

13۔ درج ذیل میں سے درست بیان کی نشاندہی کیجیے:

I۔تحقیق، صداقت یا سچائی کی تلاش کا نام ہے۔

II۔محقق،صداقت تک منطق اور معروضی عمل کے ذریعے پہنچتا ہے۔

III۔تحقیقی صداقت تک روحانی عمل کے ذریعے بھی پہنچا جا سکتا ہے۔

IV۔ تحقیق میں دلائل اور شواہد کی بنیادی اہمیت ہے۔

(A) I,II,III (B) I,II,IV

(C) II,III,IV (D) I,III,IV

14۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے:

(A) تحقیق کا کام حال کو بہتر بنانا، مستقبل کو سنوارنا اور ماضی کی تاریکیوں کو روشنی عطا کرنا ہے

(B) تحقیق،مواد کو مرتب کرتی ہے،اس کا تجزیہ کرتی ہے اور اس پر تنقید کرتی ہے۔

(C) تحقیق ایک ترقی پسند عمل ہے۔سماجی عمل کی طرح تحقیقی عمل بھی مسلسل آگے بڑھتا اور ترقی کرتا ہے۔

(D) تحقیق کی دنیا بہت محدود ہے۔محقق کی دریافت اور مفروضے حرف آخر ہوتے ہیں۔

15۔ تدوین کی اصطلاح ''ترقیمہ سے مراد:

(A) وہ عبارت جو کسی کتاب کے آخر میں ہوتی ہے جس میں کاتب کا نام،مقام تحریر یا نقل اور تاریخ وغیرہ درج ہوتی ہے۔

(B) کسی کتاب کے درمیان یا آخر میں لکھا گیا حاشیہ ہے۔

(C) کسی کتاب کا پہلا صفحہ یا سرورق ہے۔

(D) وہ کلمہ یا لفظ جو صفحہ کے آخر میں درج ہوتا ہے۔

16۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ اختلاف نسخ | I۔ تدوین متن میں مختلف نسخوں سے اختلاف۔ |
| B۔ اساسی نسخہ | II۔ وہ نسخہ جسے تدوین میں اہم ترین تسلیم کیا جائے۔ |
| C۔ اسماءالرجال | III۔ اشارے میں اشخاص کے نام۔ |
| D۔ اشاریہ | IV۔ اشخاص،مقامات،کتب،تبصروں اور اداریوں کی ہجائی ترتیب۔ |

(A) AII, BIII, CIV, DI (B) AI, BII, CIII, DIV

(C) AIV, BIII, CII, DI (D) AIII, BII, CI, DIV

17۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ آزادی کے بعد دہلی میں اردو تحقیق | I۔ شارب ردولوی |
| B۔ آزادی کے بعد دہلی میں اردو تنقید | II۔ تنویر احمد علوی |
| C۔ عملی تنقید | III۔ احتشام حسین |
| D۔ تنقید اور عملی تنقید | IV۔ کلیم الدین احمد |

(A) AI, BII, CIII, DIV (B) AII, BIII, CIV, DI

(C) AII, BI, CIV, DIII (D) AIV, BIII, CIII, DI

18۔ کسی کتاب کا ایسا نسخہ، جس کے ابتدائی صفحات دستیاب نہ ہوں، اسے کیا کہا جاتا ہے؟

(A) ناقص الاوّل (B) ناقص الآخر

(C) ناقص الاوسط (D) ناقص الطرفین

19۔ درج ذیل میں سے کون سے بیان درست ہیں:

I۔ مطالعۂ احوال، تحقیق کا ایک طریقۂ کار ہے۔

II۔ مطالعۂ احوال سے مصنف کے نفسیاتی محرکات کا سراغ لگایا جاسکتا ہے۔

III۔ مطالعۂ احوال میں محقق کے لیے ضروری ہے کہ وہ تحلیل نفسی کا علم رکھتا ہو۔

IV۔ مطالعۂ احوال میں مصنف کے تاریخی ماحول اور اس کے ذاتی حالات کا تجزیہ ضروری نہیں ہے۔

(A) II, III, IV (B) I, III, IV

(C) I,II, IV (D) I,II, III

20۔ ''تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے''، یہ قول کس کا ہے؟

(A) گیان چند جین (B) محمود شیرانی

(C) قاضی عبدالودود (D) تنویر احمد علوی

21۔ ملا وجہی نے ''سب رس'' کا قصہ محمد یحییٰ سیبک فتاحی نیشاپوری کی نثری تصنیف 'قصہ حسن و دل' سے لیا ہے''، یہ دعویٰ کس محقق کا ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) منظر اعظمی

(C) سہیل بخاری (D) جاوید وشسشٹ

22۔ سرسید کی تصنیف ''آثار الصنادید'' میں کس شہر کی تاریخی عمارتوں کا ذکر ہے؟

(A) آگرہ (B) دہلی

(C) اودھ (D) روہیل کھنڈ

23۔ امداد علی اثر کی تصنیف ''کاشف الحقائق''، کس نام سے معروف ہے؟

(A) بہارستانِ سخن (B) چمنستانِ سخن

(C) گنج الحقائق (D) کشف المحجوب

24۔ ''خالق باری' امیر خسرو کی نہیں بلکہ ضیاء الدین خسرو کی تصنیف ہے''، یہ دعویٰ کس محقق کا ہے؟

(A) گوپی چند نارنگ (B) سعید نفیسی

(C) محمود شیرانی (D) ڈاکٹر انوار الحسن

25۔ ''واجد علی شاہ نے اردو کا پہلا ڈراما 'رادھا اور کنہیا کا قصہ' لکھا تھا''، یہ دعویٰ کس محقق کا ہے؟

(A) کوکب قدر سجاد علی میرزا (B) عبدالحلیم شرر

(C) محمد تقی احمد (D) سید مسعود حسن رضوی ادیب

## Section -II (Concerned Subject)

26۔ ابراہیم عادل شاہ ثانی کی کتاب ''نورس'' کے متعلق کون سے بیان درست ہیں۔

I۔ یہ گیتوں پر مبنی کتاب ہے۔

II۔ یہ علم موسیقی کے لحاظ سے بے مثال تخلیق ہے۔

III۔ اس میں برج بھاشا کا استعمال کیا گیا ہے۔

IV۔ اس میں جابجا عربی وفارسی الفاظ کا استعمال ہوا ہے۔

(A) I, II, III    (B) I,II,IV

(C) I, II, III, IV    (D) II,III,IV

27۔ مثنوی ''چندر بدن ومہیار'' ایک ہندی لوک کتھا ہے، اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) مقیمی    (B) عبدل

(C) رستمی    (D) نصرتی

28۔ ''دکنی کلچر'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) نصیرالدین ہاشمی    (B) برہان الدین جانم

(C) انوری بیگم    (D) ہارون خاں شیروانی

29۔ محمد افضل افضل کی تصنیف ''بکٹ کہانی'' کا تعلق کس صنفِ سخن سے ہے؟

(A) چہار بیت    (B) ریختی

(C) داستان    (D) بارہ ماسہ

30۔ درج ذیل کالم-I اور کالم-II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم-I | کالم-II |
|---|---|
| A۔ غواصی | I۔ پھول بن |
| B۔ ابن نشاطی | II۔ طوطی نامہ |
| C۔ اشرف | III۔ گلشن عشق |
| D۔ نصرتی | IV۔ نوسرہار |

(A) AI, BII, CIII, DIV    (B) AII, BI, CIV, DIII

(C) AIV, BII, CIII, DIV    (D) DI, CII, BIII, AIV

31۔ سیریل ''تحریر منشی پریم چند کی'' کی ہدایت کس نے کی ہے؟

(A) خواجہ احمد عباس    (B) کرشن چندر

(C) گلزار    (D) شمع زیدی

32۔ ''فلم گرم ہوا'' کی کہانی کس نے لکھی تھی؟

(A) عصمت چغتائی (B) سعادت حسن منٹو

(C) راجندر سنگھ بیدی (D) کرشن چندر

33۔ اردو فکشن پر مبنی فلموں کے پیش نظر کالم-I اور کالم-II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم-I (اردو فکشن) | کالم-II (فلم) |
|---|---|
| A۔ بہت دیر کر دی۔ علیم مسرور | I۔ مٹھی بھر چاول |
| B۔ ان داتا۔ کرشن چندر | II۔ دھرتی کے لال |
| C۔ بازار حسن۔ پریم چند | III۔ سیوا سدنم |
| D۔ ایک چادر میلی سی۔ راجندر سنگھ بیدی | IV۔ طوائف |

(A) AI, BII, CIII, DIV (B) AII, BI, CIV, DIII

(C) AIV, BII, CIII, DI (D) DI, CII, BIII, AIV

34۔ شیام بنیگل کی فلم ''منڈی'' اردو کے کس افسانے پر مبنی ہے؟

(A) آنندی (B) لاجونتی

(C) مالکن (D) مہالکشمی کا پل

35۔ فلم ''مرزا غالب'' (1954) کی کہانی کس نے لکھی تھی؟

(A) اختر الایمان (B) سعادت حسن منٹو

(C) راجندر سنگھ بیدی (D) قرۃ العین حیدر

36۔ ''ہندوستانی تہذیب کا مسلمانوں پر اثر'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) ڈاکٹر محمد عمر (B) عرفان حبیب

(C) رحمان مذنب (D) محبوب اللہ مجیب

37۔ ''اردو اور مشترکہ ہندوستانی تہذیب'' کس کی کتاب ہے؟

(A) صفدر حسین (B) ذکی کرمانی

(C) کامل قریشی (D) یاسر جواد

38۔ ''اسلام کا ہندوستانی تہذیب پر اثر'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) محمد مجیب (B) عماد الحسن آزاد فاروقی

(C) خلیق احمد نظامی (D) تاراچند

39۔ ''قومی تہذیب کا مسئلہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مسعود احمد عباسی (B) خاور ہاشمی

(C) سید عابد حسین (D) فیروز الدین منصور

40۔ ''ہماری لوک کہانیاں'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) پریم پال اشک (B) محمود بالیسری

(C) مظہر علی خاں ولا (D) انور خاں

41۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ لکھنؤ کی تہذیبی میراث | I۔ عمادالحسن آزاد فاروقی |
| B۔ ہماری قومی ثقافت | II۔ صفدر حسین |
| C۔ گذشتہ لکھنؤ | III۔ فیض احمد فیض |
| D۔ ہنداسلامی تہذیب کا ارتقاء | IV۔ عبدالحلیم شرر |

(A) AI, BII, CIII, DIV (B) AIV, BIII, CII, DI

(C) AII, BI, CIV, DIII (D) AII, BIII, CIV, DI

42۔ ''عالم میں انتخاب۔ دِلّی'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مہیشور دیال (B) میر سید عالم جان

(C) اخلاق حسین عارف (D) منشی پیارے لال شاکر

43۔ ''اتر پردیش کے لوک گیت'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) غلام عمر (B) محمد قاسم صدیقی

(C) اظہر علی فاروقی (D) اختر شیرانی

44۔ ''ڈھولک کے گیت'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) غلام حسین اظہر (B) مجید بیدار

(C) دیوندر ستیارتھی (D) اکمل حیدر آبادی

45۔ ''اردو اور فن داستان گوئی'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) کلیم الدین احمد (B) گیان چند جین

(C) سہیل بخاری (D) فرمان فتح پوری

46۔ ہندوستانی ریاستوں میں رائج لوک رقص کے پیش نظر کالم I اور کالم II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ بیہو | I۔ راجستھان |
| B۔ بدیسیا | II۔ بہار |
| C۔ جاترا | III۔ آسام |
| D۔ گھومر | IV۔ مغربی بنگال |

(A) AI,BII,CIII,DIV (B) AIII, BII, CIV, DI

(C) AIV, BIII,CII,DI (D) AII, BI, CIV,DIII

47۔ اردو ڈراما اور اس کے مصنف کے پیش نظر کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ آگرہ بازار | I۔ عشرت رحمانی |
| B۔ خانہ جنگی | II۔ حبیب تنویر |
| C۔ مرزا نوشہ | III۔ آغا حشر کاشمیری |
| D۔ اسیر حرص | IV۔ محمد مجیب |

(A) AI, BII,CIV, DIII　　(B) AIII, BIV,CII, DI

(C) AII, BIV,CI, DIII　　(D) AIV, BI,CII, DIII

48۔ درج ذیل میں سے حبیب تنویر کی کون سی تصنیف نہیں ہے؟

(A) دیکھ رہے ہیں نین　　(B) دو رنگ

(C) تنویر حرم　　(D) پردہ اٹھتا ہے

49۔ ''اردو میں لوک ادب'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) محمد حسن　　(B) وہاب اشرفی

(C) علی جواد زیدی　　(D) قمر رئیس

50۔ درج ذیل میں کون سے اقوال درست ہیں؟

I۔ عوامی ادب سے مراد وہ ادب ہے، جس کو عوام نے جنم دیا ہو۔

II۔ عوامی ادب کا جنم داتا کوئی ایک شخص نہیں ہوتا، پورا معاشرہ ہوتا ہے۔

III۔ لوک ادب، غیر مرتب، دہقانی اور فطری احساسات و جذبات کا آئینہ ہے۔

IV۔ لوک ادب، سینہ بہ سینہ اور عہد بہ عہد آئندہ نسل تک منتقل ہوتا رہتا ہے۔

(A) I,II,IV　　(B) II,III, IV

(C) I,II,III　　(D) I,II,III,IV

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

(4 X 5 = 20 marks) چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

(Research Methodology)

1۔ تحقیق کی تعریف اور طریقۂ کار پر نوٹ لکھیے۔

2۔ تدوینِ متن کے تقاضے اور طریقۂ کار کی وضاحت کیجیے۔

(Subject Concerned)

3۔ اردو زبان کی تہذیب اور اس کے عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

4۔ لوک ادب کی تعریف اور راقسام پر روشنی ڈالیے۔

**Rough Work**

**Rough Work**